Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۷	مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۲۱ ربیع الثانی سنہ ۱۳۴۴ھ مطابق ۹ نومبر سنہ ۱۹۲۵ء	نمبر ۴۰

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

یکم نومبر سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ عرضداشت صاحب فائننشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت مزید ہیژدہ یوم بابو نراین داس اڈیٹر جنرل اسکشن بوجہ علالت من ابتداء ۱۱ اکتوبر لغایتہ ۲۸ اکتوبر سنہ ۱۹۲۵ء

حکم

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت بابو نراین داس	۱ اور ۲
۲	رخصت سید مظفر حسین	۲
۳	رخصت محمد نذیر علی خان	〃
۴	رخصت مرزا حامد حسین	〃
۵	تبادلہ عبد الرحیم خان و محمد [illegible]	〃
۶	انتقال کتب جدید الطبع	〃
۷	نقشہ حیات و ممات ، نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

بطور خاص پندرہ دن کی رخصت مزید بوجہ علالت منظور کیجاتی ہے اب رعایتی رخصت نہ ملیگی - احکام ضابطہ جاری ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۷ اکتوبر ۱۹۲۵ء

حسب درخواست سید مسعود حسین محرر محافظ خانہ صیغہ موروثی زواید صدر مد حضور تحصیل مصدقہ سرشتہ دار صاحب صدر و حاکم صاحب صدر رخصت چھ ماہ یکم نومبر ۱۹۲۵ء سے بعوض نیاز حسین خان امیدوار منظور کی گئی - رخصتی و عوضی حسب تصفیہ باہمی نصف نصف تنخواہ یعنی دس دس روپیہ ماہوار پائینگے -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

یکم نومبر ۱۹۲۵ء

مثبتہ نوٹ حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت مزید چھ ماہ محمد مبشر علی خان اہلمد صدر مد بلاسپور بسلسلہ انتظام سابقہ -

حکم

رخصت چھ ماہ مزید مبشر علی خان اہلمد با انتظام موجودہ باین صراحت منظور ہے - کہ وحید عالم اہلمد کو اس زمانہ رخصت مین دو روپیہ اضافہ بجائے ایک روپیہ کے تا ختم رخصت ملا کرین - یعنی چھ ماہ تک وہ سترہ روپیہ ماہوار پائے - اور عوضی جو تنخواہ پاتا ہے بدستور پائیگا بقیہ رقم سیاہہ سرکار ہوگی - احکام ضابطہ جاری ہون -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

یکم نومبر ۱۹۲۵ء

مثبتہ عرضی مرزا حامد حسن اہلمد اجلاس مد اپیل دربارہ اضافہ تنخواہ مصدقہ منشی سید رضی علی صاحب پیشکار باستدعائے اضافہ یکروپیہ از یکم نومبر ۱۹۲۵ء بہ تنخواہ موجودہ چودہ روپیہ بوجہ محنت و حسن انجام دہی خدمت متعلقہ -

حکم

یکم نومبر ۱۹۲۵ء سے ایک روپیہ ماہانہ اضافہ منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہون -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقعہ ۲۷ اکتوبر ۱۹۲۵ء

کنٹرولر صاحب آف پرنسز ہاؤس ہولڈ نے رپورٹ کی ہے کہ حیدر علی خان جو کہ باورچیخانہ پرنسز مین کام کرتے ہین وہ بوڑھے و ضعیف آدمی ہین انکو آمد و رفت کوٹھی مین تکلیف و دشواری ہوتی ہے - انکو آؤٹ مین تبدیل کر دیا جائے اور انکی بجائے مختار احمد خان مشاہرہ دار سترہ روپیہ ماہوار کو باضافہ تین روپیہ ماہوار پرنسز باورچیخانہ کے کام پر تبدیل کر دیا جائے - اس بابتہ جناب صاحب فنانشل سکریٹری بہادر سے دریافت کیا گیا - صاحب ممدوح حیدر علی خان کی اصلی تنخواہ یعنی سترہ روپیہ ماہوار پر آؤٹ مین لینا چاہتے ہین اور مختار احمد خان کے دینے مین کوئی اعتراض نہین ہے - چونکہ حیدر علی خان کی تنخواہ قبل از تبادلہ پرنسز کوٹھی سترہ روپیہ ماہوار تھی اور بوجہ آمد و رفت کوٹھی تین روپیہ اضافہ دیکر بیس روپیہ ماہوار تنخواہ کر دی تھی - اب چونکہ آمد و رفت اسقدر نہین ہوگی - لہذا حیدر علی خان کو انکی اصلی تنخواہ یعنی سترہ روپیہ ماہوار پر بہ تنزل تین روپیہ ماہوار آؤٹ مین تبدیل کیا جائے - اور مختار احمد خان مشاہرہ دار سترہ روپیہ بجائے حیدر علی خان پرنسز کوٹھی پر بکار باورچیخانہ تبدیل ہو - اور چونکہ مختار احمد خان کو کوٹھی آنا جانا ہوگا لہذا پرنسز کوٹھی پر مختار احمد خان کو بجائے سترہ روپیہ ماہوار کے بیس روپیہ ماہوار حسب سفارش کنٹرولر صاحب تنخواہ دیجائیگی - لہذا حکم ہوا کہ احکام ضابطہ جاری ہون - ڈی او صاحب فنانشل سکریٹری بہادر شامل کاغذات ہذا ہے -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہوکر طبع ہو گئی ہین -

قول شافی - یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے قیمت [illegible]

التوحید - یہ کتاب جامع حامدی کی جلد کا پہلا حصہ ہے - قیمت [illegible]

خصائص معاویہ - یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کی [illegible]

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

مطبوعہ ۹ نومبر ۱۹۲۵ء جلد

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۲ لغایت ۸ نومبر ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶ ا ر			۷ ا ر	٠		دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۸ ا ر			۷ ا ر			
نخود کشتہ آمیز	[illegible]			۷.۰ ا ر			
کسیر	[illegible]			۸ ا ر			
بسش	۵ ا ر			۶ ا ر			
مونگ	۵.۰ ا ر			۶ ا ر			
مکا	٠			[illegible]			
جئی	۷ ا ر			۹ ا ر			
گوجئی	٠			۱۰ ا ر			
عدس	۶ ا ر			۹ ا ر	٠		
ارہر	۹ ا ر			[illegible]			
برنج	۵ ا ر			۵.۰ ا ر			
روغن زرد	۷ چھٹانک			[illegible]			
روغن سیاہ	[illegible]			[illegible]			
روغن کنجد	۱ ا ر			[illegible]			
نمک سانبھر	۱۲ ا ر			۱۰ ا ر			
نمک لاہوری	[illegible]			۵ ا ر			
قند سیاہ	۳.۰ ا ر			۳.۰ ا ر			
باجرہ	۶ ا ر			[illegible]			

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

نمبر گزٹ ریاست رامپور

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری اگست ۱۹۲۵ء

نام مقام	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی																		کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے ۵ سال تک		۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض							از خانہ نمبر ۱۹ لغایت خانہ ۲۵	
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو	میزان	مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	بارگزیدہ	دیگر وبائی امراض	طاعون		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۳۲	۸	۲۴	۶	۶۰	۱۵	۱۵	۱۰	۸	۱	۲	۱۲	۱۴	۲۲	۲۴	۴۴	۴	۰	۵	۰	۴۲	۰	۰	۰	۴۶	۰
گنج	۲۶	۹	۱۰	۲	۴۹	۳۶	۱۴	۱۵	۶	۲	۴	۹	۱۶	۲۴	۲۸	۴۱	۲	۱	۱	۰	۵۱	۰	۰	۰	۵۲	
حوالی شہر	۳	۱	۲	۴	۱۶	۱۲	۵	۳	۴	۴	۰	۴	۷	۱۱	۱۰	۱۱	۱۰	۰	۰	۲۱	۰	۰	۰	۰	۲۱	
عظیم نگر	۲۲	۱۴	۱۴	۱۶	۶۹	۳۶	۳۳	۲	۱۱	۳	۰	۵	۸	۱۴	۱۹	۱۸	۱۵	۰	۴	۳۰	۲۹	۰	۰	۰	۳۳	
شاہ آباد	۱۳	۲۸	۸	۸	۶۴	۲۱	۴۲	۲۰	۵	۳	۲	۲۰	۱۵	۴۳	۲۷	۲۱	۴۴	۰	۰	۰	۶۳	۰	۰	۰	۷۵	
پٹوائی	۴	۱۶	۸	۲۰	۴۵	۸	۳۶	۱۰	۱	۰	۰	۳	۳	۱۳	۴	۹	۸	۰	۰	۰	۱۶	۰	۰	۰	۱۶	
ملک	۱۸	۶۵	۸	۵۲	۱۵۳	۲۵	۱۲۸	۳۰	۳۰	۳	۹	۱۴	۲۲	۵۵	۴۱	۱۹	۹۶	۰	۲۲	۰	۹۳	۰	۰	۰	۱۱۴	
بلاسپور	۹	۲۲	۶	۲۲	۶۰	۱۴	۴۴	۸	۶	۴	۵	۳	۴	۱۶	۱۴	۱۵	۱۲	۱۲	۱۰	۱۰	۲۶	۲	۰	۰	۳۱	
بکھری	۹	۱۱	۹	۱۴	۴۳	۱۸	۲۵	۴	۴	۰	۰	۶	۳	۱۰	۶	۱۳	۴	۰	۰	۰	۱۵	۲	۰	۰	۱۸	
سوار	۸	۶	۸	۲	۲۹	۱۴	۳	۱	۱	۱	۱	۶	۴	۸	۷	۱۱	۳	۱	۰	۰	۱۱	۳	۰	۰	۱۴	
ٹانڈہ	۱۵	۶	۲۳	۱۲	۵۶	۳۸	۱۹	۱۰	۱۴	۹	۸	۶	۳	۲۳	۲۱	۲۸	۱۷	۰	۱۹	۰	۱۹	۴	۰	۰	۴۴	
میزان	۱۹۲	۲۱۱	۲۲۰	۱۹۶	[illegible]	۲۹۸	۳۴۸	۱۳۵	۹۲	۴۶	۲۵	[illegible]	۲۹۱	[illegible]	۲۱۸	۲۲۹	۲۲۵	۳۰	۹۴	۴۱	۲۹۱	۱۳	۰	۰	۵۵۴	۰